بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور۔

نوٹیفکیشن

مورخہ 14-11-2026

عنوان: سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (نہم ردہم وکمپوزٹ) فرسٹ سالانہ امتحانات 2027ء کے آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی کی وصولی کا شیڈول۔

نمبر 411/میٹنگ مطلع کیا جاتا ہے کہ بہاول پور بورڈ کے زیر اہتمام سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (نہم ودہم/کمپوزٹ) فرسٹ سالانہ (First Annual) امتحانات 2027ء کا انعقاد **مورخہ 16-مارچ 2027ء بروز منگل** سے ہوگا۔ اس امتحان میں شامل ہونے والے جملہ ریگولر اور پرائیویٹ امیدواران کے داخلہ فارم آن لائن کرنے اور داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی و داخلہ فیس کے بینک چالان کی بورڈ ہذا میں وصولی کا شیڈول درج ذیل ہے:۔

نمبر شمار	شیڈول	ریگولر/پرائیویٹ امیدواران کیلئے
1	بغیر لیٹ فیس	10-11-2026 تا 11-12-2026
2	دوگنا فیس کے ساتھ	12-12-2026 تا 28-12-2026
3	تین گنا فیس کے ساتھ	29-12-2026 تا 11-01-2027

امیدواران سے وصول کی جانے والی فیسوں کی شرح

ریگولر امیدواران کیلئے

تفصیل	کلاس نہم	کلاس دہم	نہم ودہم (کمپوزٹ)
سائنس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان ہو	950	950	1900
آرٹس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان نہ ہو	900	900	1800
پروسیسنگ فیس	1300	1300	1300
ڈویلپمنٹ فنڈ	400	400	400
سرٹیفکیٹ فیس (صرف ایک مرتبہ)	1400	----	----

پرائیویٹ امیدواران کیلئے

کلاس نہم	کلاس دہم	نہم ودہم (کمپوزٹ)
950	950	1900
900	900	1800
1300	1300	1300
400	400	400
1400	----	1400

نوٹ: پرائیویٹ امیدواران سے رجسٹریشن فیس مبلغ -/1500 روپے اور سپورٹس فیس مبلغ -/300 اور سکالرشپ فنڈ مبلغ -/350 روپے (کل مبلغ -/2150 روپے) فی امیدوار صرف ایک مرتبہ وصول کی جائیگی۔

﴿1﴾ حکومت پنجاب نے پبلک سیکٹر کے ریگولر امیدواران کو رجسٹریشن اور امتحانی فیس سے مستثنیٰ قرار دیا ہے تاہم واضح رہے کہ:۔

(i) اگر کسی امیدوار کے داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی فیس شیڈول کے مطابق دوسرے یا تیسرے فیز میں بورڈ ہذا میں وصول ہوئی تو اس سے مروجہ فیس شیڈول کے تحت وصول کی جائے گی اور قواعد کے تحت امتحانی مرکز الاٹ کیا جائے گا۔

(ii) تمام امیدواران سے رزلٹ کارڈ اور سند کی مد میں QR کوڈ فیس مبلغ -/95 روپے وصول کی جائے گی۔

(iii) تمام امیدواران سے پوسٹل/SMS/ویب چارجز کی مد میں مبلغ -/300 روپے وصول کئے جائیں گے۔

(iv) تمام امیدواران سے امتحانی مرکز کی مانیٹرنگ کے سلسلہ میں مبلغ -/30 روپے چارجز وصول کئے جائیں گے۔

﴿2﴾ **پرائیویٹ امیدواران متوجہ ہوں کہ:**

(i) بہاول پور بورڈ کے زیر اہتمام پرائیویٹ امیدواران کو یہ سہولت دی گئی ہے کہ وہ بورڈ کی ویب سائٹ www.bisebwp.edu.pk اور www.bisebwp.pk پر آن لائن پورٹل اوپن کر کے اپنے داخلہ فارم آن لائن

(جاری ہے)

14/11/26

سسٹم کے تحت فیڈ کرنے کے بعد داخلہ فارم اور فیس چالان کی ہارڈ کاپی پرنٹ کر سکتے ہیں نیز امیدواران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آن لائن سسٹم کے تحت پرنٹ شدہ داخلہ فارم (ہارڈ کاپی) اپنی رہائش کے قریب ترین گورنمنٹ ہائی سکول یا بورڈ سے الحاق شدہ سکولز کے ہیڈ ماسٹر/ہیڈ مسٹریس سے تصدیق کروا کر اور مجوزہ فیس بذریعہ UBL بینک، 1 Bill، Easy Paisa یا Jazz Cash جمع کروا کر اصل داخلہ فارم و اصل فیس چالان بمع CPR (Computerized payment receipt) **اسسٹنٹ کنٹرولر میٹرک بورڈ ہذا** کو مقررہ تاریخ تک ارسال کریں۔

ضروری ھدایات:

(1) واضح رہے کہ ایسے تعلیمی ادارہ جات اور پرائیویٹ امیدواران جو امتحانی داخلہ فارم آن لائن کرنے کے بعد اس کی ہارڈ کاپی اور فیس کا بنک چالان مقررہ شیڈول کے اندر بورڈ ہذا کو ارسال نہیں کریں گے وہ امتحان میں شامل ہونے کے اہل نہ ہونگے۔

(2) کمپارٹمنٹ کی صورت میں امتحان دینے پر متعلقہ گروپ ﴿سائنس/آرٹس﴾ کی پوری فیس وصول کی جائیگی۔

(3) جو امیدواران قبل ازیں امتحان میں شمولیت اختیار کرتے ہوئے داخلہ فیس کے ساتھ سند/سرٹیفکیٹ فیس ادا کر چکے ہیں وہ اب اپنا داخلہ فارم آن لائن کروانے/ارسال کرنے سے قبل داخلہ فیس کے ہمراہ سند/سرٹیفکیٹ فیس مبلغ -/1400 روپے جمع نہیں کروائیں گے۔

(4) گورنمنٹ/پرائیویٹ الحاق شدہ تعلیمی ادارہ جات بورڈ کی طرف سے الاٹ کیے گئے آن لائن اکاؤنٹ/پورٹل میں Login ہو کر اپنے ادارہ کے امیدواران کے داخلہ فارم Submit کریں گے۔

(5) بورڈ قوانین کے مطابق تین گنا فیس کا شیڈول ختم ہونے کے بعد مبلغ -/500 روپے یا -/100 روپے یومیہ جرمانے کے ساتھ داخلہ فارم/فیس چالان بورڈ آفس میں جمع کروانے والے امیدواران کو تحصیل ہیڈکوارٹر میں امتحانی مرکز الاٹ کیا جائے گا۔

(6) امتحانات سے متعلق تمام تر معلومات کیلئے بورڈ کی ویب سائٹ www.bisebwp.edu.pk اور www.bisebwp.pk ملاحظہ/وزٹ فرمائیں۔

14/11/26
سیکریٹری

کاپی برائے اطلاع/ضروری کاروائی۔

(1) جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (سکولز/ہائیر سیکنڈری سکولز)، واقع حدود بہاول پور بورڈ۔

(2) چیف ایگزیکٹو آفیسرز/ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز (سیکنڈری) ضلع بہاول پور، بہاولنگر، رحیم یار خان۔

(3) منیجر، UBL بورڈ برانچ (مہربانی فرما کر بورڈ کی حدود میں واقع UBL کی تمام برانچز کو نوٹیفکیشن ہذا سے فوری طور پر آگاہ فرمائیں تاکہ شیڈول اور مجوزہ شرح کے مطابق داخلہ فیس و دیگر فیس وصول کی جا سکے)۔

(4) سسٹم اینالسٹ بورڈ ہذا (برائے بورڈ ویب سائٹ)۔

(5) جملہ افسران/برانچ انچارجز/PRO بورڈ ہذا۔

(6) نوٹیفکیشن فائل۔

14/11/26
بی اے انچارج میٹنگ